سوال

(729) برائی دیکھنے پر عورت کا کردار

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت اپنے قریبی کو کوئی برائی کرتا دیکھے تو اس کا طرز عمل کیا ہونا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا ذمہ ہے کہ وہ برائی کرنے والے کو شفقت نرمی اچھی گفتگو اور بہتر انداز سے منع کرے اس لیے کہ وہ شرعی احکام سے ناواقف بھی ہوسکتا ہے اور برے رویے والا بھی ہوسکتا ہے تو سختی کے ساتھ اس پر انکار کرنے سے اس کی برائی بڑھ سکتی ہے۔ لہٰذا اس کا ذمہ ہے کہ وہ برائی سے اچھے انداز اچھی گفتگو اور واضح دلیل کے ساتھ منع کرے جیسے اللہ اور اس کے رسول نے کیا ہے اس کے لیے دعا بھی کرے تاکہ اس کے دل میں حق سے نفرت پیدا نہ ہوجائے اور نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے کو ایسا ہی ہونا چاہیے اس کے پاس علم بصیرت نرمی اور بردباری ہونی چاہیے تاکہ جو اس پر انکار کرتا ہے وہ قبول کرلے اور نفرت اور فساد کا شکار نہ ہو۔ اور نیکی کا حکم دینے والا اور برائی سے روکنے والا ان الفاظ کو استعمال کرنے میں کوشش کرتا رہے جن کی وجہ سے حق کو جاننے کی امید کی جاسکتی ہو۔ (سماحة الشیخ عبدالعزیز بن باز رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 645

محدث فتویٰ